مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سر پر ٹوپی لینا بھی ثابت ہے، ننگے سر رہنا کیسا ہے؟ حوالہ کے ساتھ جواب دے کر ممنون فرمائیں۔

الجامعۃ الاشرفیۃ
دار الافتاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا

واضح رہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عموماً ننگے سر رہنا چند مواقع (احرام وغیرہ) کے علاوہ ثابت نہیں ہے، جبکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے ٹوپی، پگڑی پہننا اور سر ڈھانکنا صحیح سندوں سے ثابت ہے، اس لئے ٹوپی یا پگڑی کے ساتھ سر ڈھانپے ہوئے رہنا مسنون اور مستحب ہے، اور بلا عذر اور بلا ضرورت ننگے سر رہنا ناپسندیدہ اور مکروہ ہے۔

١. عن ابن عباس رضي الله عنهما أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يلبس القلانس تحت العمائم، ويلبس القلانس بغير العمائم۔ الجامع الصغير ٢۔١٢٠

٢. سمعت أبا كبشة الأنماري يقول: كانت كمام أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم بطحا۔ سنن الترمذي ١۔٣٠٨

قال ركانة: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إن فرق ما بيننا وبين المشركين العمائم القلانس۔ (سنن الترمذي ١۔٣٠٨)

٣. عن أن عمر رضي الله عنه أنه كان إذا مسح رأسه رفع القلنسوة، ومسح مقدم رأسه۔ سنن الدار قطني مع تعليق المغني ١۔١٠٧

٤. وكان يلبس تحتها القلنسوة وكان يلبس القلنسوة بغير عمامة، ويلبس العمامة بغير قلنسوة۔ زاد المعاد ١۔١٣٥.

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب

العبد الضعیف

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

الجواب صحیح
بندہ ابو جعفر محمد منصور ... عفا اللہ عنہ
۲۵/۶/۱۴۴۵ھ

25 جمادی الاخری 1445ھ / 08 جنوری 2024ء

الجواب صحیح

الجامعۃ الاشرفیۃ
دار الافتاء
شارع فیروز پور لاہور

دار الافتاء
رقم الافتاء: 162/164
التاریخ: 8/1/24
الجامعۃ الاشرفیۃ شارع فیروز پور لاہور